تعارف وتبصرۂ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام مجلہ : اوج

سرپرست اعلیٰ : پروفیسر سہیل افضل

تعلیمی ادارہ : پنجاب کالج آف کامرس' لاہور

آرٹ پیپر پر شائع شدہ یہ بھاری بھرکم رسالہ پنجاب کالج آف کامرس کے طلبہ کی تخلیقی تحریروں پر مشتمل ہے۔ دائیں طرف سے اردو حصہ شروع ہوتا ہے جس میں طلبہ کی نثری کاوشیں بھی ہیں اور شعروشاعری بھی۔ اسی طرح بائیں طرف سے شروع ہونے والے حصہ میں انگریزی مضامین بھی ہیں اور نظمیں بھی۔ لائق اور قابل اساتذہ کی راہنمائی میں اکثر تحریریں معیاری' معلوماتی اور مفید ہیں۔ مزاحیہ تحریروں نے رسالے کو مزید دلچسپ بنادیا ہے۔

پنجاب کالج آف کامرس لاہور کے ممتاز تعلیمی اداروں میں شمار ہوتا ہے۔ بورڈ اور یونیورسٹی کے امتحانات میں اس کے طلبہ و طالبات ہر سال نمایاں پوزیشنیں لیتے اور کالج کی طرف سے لاکھوں کے انعامات حاصل کرتے ہیں۔ تعلیم کے علاوہ کالج میں ہم نصابی سرگرمیاں بھی جوش وخروش سے جاری ہیں۔ اس رسالے میں ان کی باتصویر رپورٹنگ ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ کالج میں طلبہ وطالبات کی بھرپور تعلیم وتربیت کا اہتمام ہے۔

رسالے میں پنجاب کالج آف کامرس کے چیئرمین میاں عامر محمود کا انٹرویو بھی شامل ہے جس سے محنت اور جدوجہد کا سبق ملتا ہے۔ کالج انتظامیہ کی یہ ایک اچھی کوشش ہے جو نوجوانوں کی ہمہ گیر نشوونما کے لیے ضروری ہے۔

رسالے پر سال اشاعت بھی درج ہوتا تو اچھا ہوتا۔